115155-چھوٹے بچے کا بوسہ لینے میں بچے کا لعاب نگلنے کا شک

سوال

میرا سوال یہ ہے کہ : رمضان المبارک میں ایک دن میں نے چھوٹے بچے کے منہ کا بوسہ لیا لیکن مجھے یہ یاد نہیں کہ آیا اس کا لعاب میرے منہ میں گیا یا نہیں، اور اگر لعاب میرے منہ میں گیا بھی ہو تو میرا غالب گمان یہی تھا کہ اس سے روزہ نہیں ٹوٹتا... کیونکہ اگر مجھے اس کا علم ہوتا میں ایسا نہ کرتا کیا میرے ذمہ اس روزہ کی قضاء ہے ؟

پسندیدہ جواب

آپ کا روزہ صحیح ہے اور آپ پر قضاء
لازم نہیں؛ کیونکہ آپ یقین نہیں کہ اس کا لعاب نگلا ہے یا نہیں، اور عبادت شک سے
باطل نہیں ہوتی.

اور اگر فرض کریں کہ آپ نے اس کا
لعاب نگل بھی لیا ہو تو بھی آپ پر کچھ لازم نہیں کیونکہ آپ اس کے حکم سے جاہل تھے
کہ یہ روزے کو توڑ دیتا ہے.

واللہ اعلم.